# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 11 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ 26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہوررانا بھارت کی تحویل میں؛ رانا کو 18 دنوں کی NIA حراست۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج سے دو دِنوں کے رائے گڑھ اور ممبئی کے دورے پر۔

☆ سوروزہ پروگرام کے تحت ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے کی مختلف تنظیموں سے بات چیت۔

☆ جین مذہب کے 24 ویں تیرتھنکر بھگوان مہاویر کی جینتی ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کا درجۂ حرارت 40 کے پار۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

26/11 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم تہوررانا کو قومی تحقیقاتی ایجنسی این آئی اے کی تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ NIA کی ٹیم حوالگی کی کارروائی مکمل کر کے اُسے کل دہلی لے آئی۔ رانا کو 26 نومبر 2008 کو ممبئی میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے کے سلسلے میں 2009 میں امریکہ میں گرفتار کیا گیا تھا۔ 2013 میں رانا کو ایک امریکی عدالت نے حملے کے ماسٹر مائنڈ ڈیوڈ ہیڈلی کی مدد کرنے کے الزام میں 14 سال کی قید کی سزا سنائی تھی۔

دریں اثناء رانا اور ڈیوڈ ہیڈلی کے خلاف بامبے ہائی کورٹ میں مقدمہ دائر کیا گیا تھا اور بھارت کی جانب سے ان کی حوالگی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ 2023 میں امریکہ نے اس اعلان کو منظوری دی۔ یہ عمل مکمل ہونے کے بعد تہوررانا کی حوالگی عمل میں آئی۔

دریں اثناء مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ رانا کی حوالگی مرکزی حکومت کی اسٹریٹیجک کوششوں کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: HOME MINISTER AMIT SHAH**

دریں اثناء پٹیالہ ہائی کورٹ نے رانا کو 18 دن کیلئے قومی تحقیقاتی ایجنسی کی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ مرکزی حکومت نے اس معاملے میں عدالت میں حکومت کی نمائندگی کیلئے نریندر مان کو خصوصی سرکاری وکیل مقرر کیا ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج مہاراشٹر کے دوروزہ دورے پر آرہے ہیں۔ وہ آج رات آٹھ بجے پونے پہنچیں گے۔ شاہ کل صبح رائے گڑھ ضلع کے پاچاڑ میں راج ماتا جیجاؤ کے جبکہ رائے گڑھ میں چھترپتی شیواجی مہاراج کی سمادھی پر جائیں گے اور وہاں پروگرام میں شرکت کریں گے۔ کل شام ممبئی میں گجراتی ہفتہ واری تصویری ریکارڈ کے 75 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر منعقدہ پروگرام میں شاہ شریک ہوں گے۔

***** ***** *****

عالمی یومِ ہومیوپیتھی کل منایا گیا۔ آیوش اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیرِ مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے کہا ہے کہ اگر چہ ہومیوپیتھی کی ابتداء جرمنی میں ہوئی لیکن اس کے پھیلاؤ میں بھارت نے اہم کردار ادا کیا۔ وہ کل ' گاندھی نگر میں ایک پروگرام کے بعد خطاب کررہے تھے۔ جادھو نے بتایا کہ اس سال یوگا دِن کی تقریبات کی اُلٹی گنتی چل رہی ہے اور اس کے تحت ناسک میں بھی پروگرام ہونے کی اطلاع انھوں نے دی۔ انھوں نے کہا:

BYTE: PRATAPRAO JADHAV

پربھنی کے سیلو میں ہومیوپیتھی دِن کے موقع پر طبّی کیمپ کے ذریعے مفت صحت کی جانچ اور ادویات کی تقسیم عمل میں آئی۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کی طرف سے شروع کی گئی صحت کی دیکھ بھال کا دائرہ دن بہ دن بڑھ رہا ہے۔ وہ کل شولا پور ضلعے کے سانگولہ میں طبّی کیمپ سے خطاب کررہے تھے۔ شندے نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بڑھتی گرمی کے پیشِ نظر احتیاط برتیں۔

دریں اثناء شندے کے ذریعے سانگولہ میں بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے قدِ آدم مجسّمے کی نقاب کشائی کی گئی۔ اپنے شکریہ کے دورے کے دوران انھوں نے سانگولہ میں ایک جلسۂ عام سے خطاب بھی کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی ٹرانسپورٹ کارپوریشن (S.T.) کے صدر کے طور پر وزیر پرتاپ سرنائیک کا تقرر کیا گیا ہے۔ وہ ایس ٹی کارپوریشن کے 26 ویں صدر ہیں۔ سرنائیک نے اس موقع پر کہا کہ وہ ایس ٹی کو مالی طور پر قابل بنا کر مسافروں کو معیاری خدمات فراہم کرنے کے پابند ہیں۔

دریں اثناء نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بتایا کہ ایس ٹی ملازمین کی بقیہ 44 فیصد تنخواہ اگلے منگل تک ادا کردی جائیگی۔ اس کے بعد پہل کرتے ہوئے مالیاتی سیکریٹری بات چیت کے بعد انھوں نے ایس ٹی ملازمین کے بقایہ جات جلد ادا کرنے کی تیاری ظاہر کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے کل مختلف کامگار تنظیموں' ضلعی تجارتی انجمنوں سے بات کی اور حکومت کے 100 دن کے پروگرام کے تحت ان کے مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ اس میٹنگ میں اسسٹنٹ لیبر کمشنر یووراج پڑیال اور ماتھاڑی بورڈ کے عہدیداران موجود تھے۔ اجلاس میں صنعتی شعبے میں مزدوروں کے ساتھ ناانصافی' کانٹریکٹ ملازمین کی کم از کم اُجرت اور بونس پر بات چیت کی گئی۔ انجمنِ تاجران کی جانب سے مطالبہ کیا گیا کہ تاجروں کو گاڑیاں کھڑی کرنے کیلئے وہیکل ٹرمینل کیلئے جگہ دی جائے اور مال بردار گاڑیوں کو دن کے اوقات میں کم ٹریفک کے وقت مونڈھا علاقے میں داخل ہونے کی اجازت دی جائے۔

***** ***** *****

جین مذہب کے 24 ویں تیرتھنکر بھگوان مہاویر کا یومِ پیدائش کل منایا گیا۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے مہاویر کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ اس موقع پر جین برادران کی جانب سے شہر سے جلوس نکالا گیا۔

ناندیڑ میں بھگوان مہاویر جینتی کے موقع پر شہر سے ایک عظیم الشان جلوس نکالا گیا۔ اس جلوس میں خواتین کی نمایاں شرکت رہی۔

دھاراشیو میں جلوس سمیت مختلف سرگرمیوں میں شہریوں نے بڑی عقیدت کے ساتھ شرکت کی۔

جالنہ شہر میں نکالے گئے جلوس میں جین برادران کی کثیر تعداد تھی۔ گرو گنیش تپودھام میں طبّی کیمپ اور عطیۂ خون کیمپ منعقد کیے گئے۔ بھوکردن شہر میں بھی مہاویر جینتی کے موقع پر جلوس نکالا گیا۔

***** ***** *****

چیتر تہوار کے موقع پر ناسک ضلعے کے وَنی کے سپت شُرنگ قلعہ میں ہزاروں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ ریاست کے کونے کونے سے عقیدت مند پالیوں، ڈِنڈی اور پیدل داخل ہو رہے ہیں۔

***** ***** *****

سماجی مصلح مہاتما جیوتی با پھلے کو آج اُن کے یومِ پیدائش کے موقع پر ہر طرف خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج ملک میں جو ترقی یافتہ، ترقی پسند، اصلاح پسند سماجی نظام تشکیل دیا گیا ہے وہ پھلے جوڑے کے وژن، قربانی اور محنت کا نتیجہ ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے کے سیلو میں سہ روزہ سیوا سنکلپ کیمپ کا، کل رابطہ وزیر میگھنا ساکورے بورڈیکر کی موجودگی میں اختتام ہوا۔ بورڈیکر نے یقین دلایا کہ محکمہ صحت عامہ ضلعے کے تمام شہریوں کی صحت کو بہتر رکھنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے اور مریضوں کو بہترین طبّی خدمات فراہم کی جائیں گی۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے چاکور تعلقے میں رونما منشیات اسمگلنگ معاملے میں عدالت نے مزید دو ملزمین کو 14 دن کی عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ 8 اپریل کو، مرکزی محصول خفیہ ادارے اور نارکوٹکس کنٹرول بورڈ کے چھاپے میں تقریباً 17 کروڑ روپے کی منشیات ضبط کی گئی تھیں۔ اس معاملے میں سات افراد پر فردِ جرم داخل کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

دریں اثناء، سابق وزیر اور رکنِ اسمبلی امیت دیشمکھ نے مطالبہ کیا ہے کہ لاتور سمیت مراٹھواڑہ میں منشیات کا گہرا جال پھیلنا تشویشناک باب ہے اور پولس مشنری اس کاروبار کی جڑیں اکھاڑ پھینکنے کیلئے خصوصی مہم شروع کرے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ و وزیر داخلہ دیویندر پھڑنویس کو ایک مطالباتی مکتوب بھی ارسال کیا ہے۔

***** ***** *****

موسم:

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت جلگاؤں میں 43 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر میں 42 اعشاریہ پانچ ڈگری، پربھنی میں 40 اعشاریہ 9 ڈگری اور دھاراشیو میں 39 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج ہوا۔

دریں اثناء، مراٹھواڑہ میں آئندہ ہفتہ بھر موسم خشک رہنے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ 26/11 کے ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تہوررانا بھارت کی تحویل میں؛ رانا کو 18 دنوں کی NIA حراست۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ آج سے دو دِنوں کے رائے گڑھ اور ممبئی کے دورے پر۔

☆ سوروزہ پروگرام کے تحت ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوَڑے کی مختلف تنظیموں سے بات چیت۔

☆ جین مذہب کے 24 ویں تیرتھنکر بھگوان مہاویر کی جینتی ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منائی گئی۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کا درجۂ حرارت 40 کے پار۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****